# نامزدگی برائے ایڈوائزری کمیٹیاں(ACs)

حکومت پاکستان نے الائیڈ ہیلتھ پروفیشنلز کے مختلف الائیڈ ہیلتھ ڈسپلن میں بنیادی اور اعلیٰ قابلیت کا یکساں معیار بنانے کے لئے الائیڈ ہیلتھ پروفیشنلز کونسل(AHPC) قائم کی ہے تا کہ ملک بھر میں الائیڈ ہیلتھ پروفیشنلز کی تعلیم و تربیت، پریکٹس کے افعال اور رجسٹریشن کو منظم کیا جاسکے۔اے ایچ پی سی مجلس قانون ساز ( پارلیمنٹ ) کے ایکٹ نمبر I X of 2022 کے سیکشن 9(1) کے تحت الائیڈ ہیلتھ پروفیشنلز کونسل(اے ایچ پی سی) شیڈول-I میں مذکور ہر ڈسپلن ( شعبے ) کے لیے ایڈوائزری کمیٹیاں(ACs) تشکیل دے گی۔

کونسل نے 5 مئی2025 کو منعقدہ اپنی دوسری خصوصی میٹنگ میں فیصلہ کیا ہے کونسل نے ان نامزدگیوں کو تمام شعبوں میں حاصل کرنے کے لیے ترجیحی بنیادوں پر اس مسئلے سے نمٹنے کے لئے تمام صوبائی سیکرٹریز ( ہیلتھ ) اور ڈائریکٹر جنرل ہیلتھ کو مراسلے ارسال کر دیئے ہیں اور شیڈول میں ہر شعبے کے لیے تین نامزدگیاں مانگی ہیں، جس میں بنیادی اہلیت ہائر ایجوکیشن کمیشن ( ایچ ای سی ) سے منظور شدہ یونیورسٹی کی ڈگری / متعلقہ ڈسپلن ( شعبہ ) میں کم از کم بیچلر ڈگری" ہے اور تفصیلی CVs ، موبائل نمبر کے ساتھ AHPC کو بھیجنے کی استدعا کی ہے۔

لہٰذا ایسے تمام الائیڈ ہیلتھ پروفیشنلز جو اپنے ڈسپلن ( شعبہ ) کی ایڈوائزری کمیٹی کا رکن بننے کے خواہشمند ہیں، سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنے صوبے کے صوبائی سیکرٹریز ( ہیلتھ ) اور ڈائریکٹر جنرل ہیلتھ کے توسط سے اپنی نامزدگی الائیڈ ہیلتھ پروفیشنلز کونسل کو ارسال کر دیں تا کہ اس عمل کو شفاف وصاف طریقے سے مکمل کیا جاسکے

سیکرٹری

الائیڈ ہیلتھ پروفیشنلز کونسل